ڈائریکٹر پریس سندھ پولیس آفس۔ فون-021
99212639

آئی جی سندھ کی جانب سے پولیس ملازمین کے مسائل کے حل کے حوالے سے سی پی او میں دربار کا انعقاد۔
پولیس افسران و جوانوں کے مسائل و مشکلات کا ازالہ ترجیحی بنیادوں پرکیا جائے۔ ڈاکٹر کامران فضل

کراچی19مئی 2022ء۔

قائم مقام آئی جی سندھ نے عہدے کا چارج سنبھالنے کے فوری بعد ڈاکٹر کامران فضل نے سینٹرل پولیس آفس میں منعقدہ دربار میں فیلڈ میں مصروف عمل پولیس افسران اور جوانوں کے مسائل اور مشکلات سنے اور ان کے فوری اذالے/حل کی بابت موقع پر موجود سینئر افسران کو واضح ہدایات دیں۔

دربار میں پولیس افسران اور جوانوں کی کثیر تعداد کے علاوہ سی پی او اسٹاف نے بھی شرکت کی۔

آئی جی سندھ نے پولیس افسران و جوانوں سے انکے تبادلوں/ تقرریوں، دوران فرائض درپیش دیگر مسائل و مشکلات کے فوری حل کے حوالے سے متعلقہ سینئر پولیس افسران کو نا صرف احکامات دیئے بلکہ اس حوالے سے تعمیلی رپورٹس برائے ملاحظہ ارسال کرنے کی بھی ہدایات دیں۔

ڈاکٹرکامران فضل کا کہنا تھا کہ سندھ پولیس کو ممکنہ درپیش تمام جائز مسائل کا فوری حل میری اولین ترجیح ہوگی اور اس حوالے سے میرے دروازے ہمیشہ کھلے رہیں گے تاہم پولیس کے لیئے بھی ضروری ہیکہ وہ پولیسنگ کے جملہ امور کو عوام دوست بنائیں اور دوران فرائض شہریوں کے ساتھ احسن سلوک وبرتاؤ کو اپنا شعار بنائیں۔

اس موقع پر ڈی آئی جی ٹریننگ سندھ عبدالحمید سنجرانی، اے آئی جی اسٹیبلشمنٹ سندھ سہائے عزیز،اے آئی جی ایڈمن سی پی او ڈاکٹر قمر عباس رضوی و دیگر سینئر افسران بھی موجود تھے۔

۔؛۔؛۔؛۔؛۔؛۔؛۔؛